96 Al-'Alaq

The Clot · Meccan · 19 verses · Para 30

العلق

AL-'ALAQ (THE CLOT)

1 Read in the name of your Lord Who created.
(اے رسول) پڑھیے! اپنے رب کے نام سے جس نے خلق کیا۔

2 He created man from a clot.
اس نے انسان کو لوتھڑے سے پیدا کیا۔

3 Read and your Lord is Most Honorable,
پڑھیے! اور آپ کا رب بڑا کریم ہے۔

4 Who taught (to write) with the pen
جس نے قلم کے ذریعے سے تعلیم دی۔

5 Taught man what he knew not.
اس نے انسان کو وہ علم سکھایا جسے وہ نہیں جانتا تھا۔

6 Nay! man is most surely inordinate,
ہرگز نہیں! انسان تو یقینا سر کشی کرتا ہے۔

7 Because he sees himself free from want.
اس بنا پر کہ وہ اپنے آپ کو بے نیاز خیال کرتا ہے۔

8 Surely to your Lord is the return.
یقینا آپ کے رب کی طرف ہی پلٹنا ہے۔

9 Have you seen him who forbids
مجھے بتاؤ وہ شخص جو روکتا ہے،

10 A servant when he prays?
ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھتا ہے ؟

11 Have you considered if he were on the right way,
مجھے بتاؤ کہ اگر وہ (بندہ) ہدایت پر ہو،

العلق AL-'ALAQ (THE CLOT)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ ۚ﴿١﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ
عَلَقٍ ۚ﴿٢﴾ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ﴿٣﴾ الَّذِىْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ
﴿٤﴾ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ؕ﴿٥﴾ كَلَّاۤ اِنَّ الْاِنْسَانَ
لَيَطْغٰۤى ۙ﴿٦﴾ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ؕ﴿٧﴾ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ؕ
﴿٨﴾ اَرَءَيْتَ الَّذِىْ يَنْهٰى ۙ﴿٩﴾ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ؕ﴿١٠﴾
اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰۤى ۙ﴿١١﴾

AL-'ALAQ (THE CLOT) · CONTINUED

12 Or enjoined guarding (against evil)?
یا تقویٰ کا حکم دے ؟

13 Have you considered if he gives the lie to the truth and turns (his) back?
مجھے بتاؤ کہ اگر وہ (دوسرا) شخص تکذیب کرتا ہے اور منہ پھیرتا ہے؟

14 Does he not know that Allah does see?
کیا اسے علم نہیں کہ اللہ دیکھ رہا ہے ؟

15 Nay! if he desist not, We would certainly smite his forehead,
ہرگز نہیں! اگر یہ شخص باز نہ آیا تو ہم اس کی پیشانی پکڑ کر گھسیٹیں گے،

16 A lying, sinful forehead.
وہ پیشانی جو جھوٹی، خطاکار ہے۔

17 Then let him summon his council,
پس وہ اپنے ہم نشینوں کو بلا لے۔

18 We too would summon the braves of the army.
ہم بھی جلد ہی دوزخ کے مؤکلوں کو بلائیں گے۔

19 Nay! obey him not, and make obeisance and draw nigh (to Allah).
ہرگز نہیں! اس کی اطاعت نہ کریں اور سجدہ کریں اور قرب (الٰہی) حاصل کریں۔

العلق AL-'ALAQ (THE CLOT) cont.

اَوۡ اَمَرَ بِالتَّقۡوٰی ﴿۱۲﴾ اَرَءَیۡتَ اِنۡ کَذَّبَ وَتَوَلّٰی ﴿۱۳﴾ اَلَمۡ
یَعۡلَمۡ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی ﴿۱۴﴾ کَلَّا لَئِنۡ لَّمۡ یَنۡتَہِ ۬ۙ
لَنَسۡفَعًۢا بِالنَّاصِیَۃِ ﴿۱۵﴾ نَاصِیَۃٍ کَاذِبَۃٍ خَاطِئَۃٍ ﴿۱۶﴾
فَلۡیَدۡعُ نَادِیَہٗ ﴿۱۷﴾ سَنَدۡعُ الزَّبَانِیَۃَ ﴿۱۸﴾ کَلَّا ؕ لَا
تُطِعۡہُ وَاسۡجُدۡ وَاقۡتَرِبۡ ﴿۱۹﴾